© rasailojaraid.com



## جامع مسجد اہل حدیث کوٹلہ آئمہ میں جلسہ سیرت النبی ﷺ

مورخہ 29 مارچ بروز سوموار بعد نماز عشاء جامع مسجد اہل حدیث کوٹلہ آئمہ میں جلسہ سیرت النبی ﷺ زیر صدارت رئیس الجامعہ حافظ عبدالحمید عامر منعقد ہوا۔ جس کا آغاز قاری غلام رسول صدر مدرس شعبہ حفظ جامعہ علوم اثریہ کی تلاوت قرآن مجید سے ہوا۔ جلسہ سے حضرت مولانا محمد اسحاق اوکاڑوی، حضرت مولانا عبدالرحیم ساجد خطیب سرگودھا اور حافظ محمد اسلم شاہدروی نے خطاب کیا۔ قاری عبدالوہاب صدیقی نے نعتیہ کلام پیش کیا۔ نقابت کے فرائض مولانا قطب شاہ اور مولانا فیض احمد بھٹی نے سرانجام دیئے۔ یاد رہے کہ یہ جلسہ محمد مصدق کلیم سلیم پسوال کی شادی خانہ آبادی کے موقع پر ہوا۔

وفیات

## ظفر علی (تاندلیانوالا، فیصل آباد) کو صدمہ

دبئی میں علامہ محمد مدنی رحمہ اللہ کے معتمد خصوصی ظفر علی کی ہمشیرہ محترمہ مورخہ 19 جنوری بروز منگل کو وفات پا گئیں۔ انا للہ وانا الیہ راجعون۔ مرحومہ کی نماز جنازہ رئیس الجامعہ نے پڑھائی۔ جس میں علاقہ بھر سے بڑی تعداد میں لوگوں نے شرکت کی۔

## چوہدری محمد شفیع، چوہدری عابد کریم، چوہدری عارف کریم، چوہدری ساجد کریم، چوہدری شاہد کریم، چوہدری شہزاد خرم، چوہدری خالد محمود، چوہدری آصف محمود اور چوہدری شہزاد مبارک کو صدمہ

مورخہ 20 جنوری بروز بدھ چوہدری محمد شفیع کے بھائی اور چوہدری عابد کریم، چوہدری عارف کریم، چوہدری ساجد کریم اور چوہدری شاہد کریم کے والد اور چوہدری شہزاد خرم، چوہدری خالد محمود، چوہدری آصف محمود اور چوہدری شہزاد مبارک کے چچا محترم عبدالکریم وفات پا گئے۔ انا للہ وانا الیہ راجعون۔ نماز جنازہ مولانا قطب شاہ نے پڑھائی۔

## حاجی سلطان محمود، چوہدری محمد الیاس پٹواری و چوہدری محمد غیاث کو صدمہ

مورخہ 23 جنوری بروز ہفتہ حاجی سلطان محمود کے بھائی اور چوہدری محمد الیاس پٹواری و چوہدری محمد غیاث کے ماموں ریٹائرڈ انسپکٹر محمد صدیق طویل علالت کے بعد انتقال کر گئے۔ انا للہ وانا الیہ راجعون۔

## صدر انجمن اہل حدیث جہلم سید یونس علی شاہ بخاری ایڈووکیٹ اور سید بلال یونس بخاری ایڈووکیٹ کو صدمہ

مورخہ 29 جنوری بروز جمعہ انجمن اہل حدیث (رجسٹرڈ) جہلم کے صدر سید یونس علی شاہ بخاری ایڈووکیٹ کی بھاوج اور سید بلال یونس بخاری ایڈووکیٹ کی تائی محترمہ وفات پا گئیں۔ انا للہ وانا الیہ راجعون۔ مرحومہ کی نماز جنازہ ٹینکی والی گراؤنڈ بلال ٹاؤن میں شیخ الحدیث مولانا محمد اکرم جمیل نے پڑھائی۔



© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com

## ماسٹر محمد بشیر کو صدمہ

مورخہ 3 فروری بروز بدھ ماسٹر محمد بشیر سابق ٹیچر اثریہ مڈل سکول کی ہمشیرہ محترمہ وفات پا گئیں۔ انا للہ وانا الیہ راجعون۔ مرحومہ کی نماز جنازہ شیخ الحدیث مولانا محمد اکرم جمیل نے پڑھائی۔

## ساجد علی وامجد علی (گوجرخان) کو صدمہ

مورخہ 3 فروری بروز بدھ ساجد علی ٹیچر اور امجد علی کے والد (جامع مسجد اہل حدیث گوجر خان کے مستقل نمازی) محمد اسلم وفات پا گئے۔ انا للہ وانا الیہ راجعون۔ مرحوم کی نماز جنازہ مولانا قطب شاہ نے پڑھائی۔

## شیخ طاہر عزیز وشیخ زکریا طاہر اور شیخ محمد علی کو صدمہ

مورخہ 18 فروری بروز جمعرات شیخ طاہر عزیز کی والدہ اور شیخ زکریا طاہر وشیخ محمد علی کی دادی محترمہ اچانک وفات پا گئیں۔ انا للہ وانا الیہ راجعون۔ مرحومہ کی نماز جنازہ شیخ الحدیث مولانا محمد اکرم جمیل نے پڑھائی۔

## سعید احمد بھٹی، غلام ربانی بھٹی، غلام محی الدین بھٹی اور ذوالقرنین بھٹی کو صدمہ

مورخہ 17 فروری بروز بدھ سعید احمد بھٹی، غلام ربانی بھٹی، غلام محی الدین بھٹی اور ذوالقرنین بھٹی کے بھائی غلام جیلانی بھٹی ہارٹ اٹیک سے اچانک وفات پا گئے۔ انا للہ وانا الیہ راجعون۔ نماز جنازہ شیخ الحدیث مولانا محمد اکرم جمیل نے پڑھائی۔

## محمد شمعون (بلال ٹاؤن) ومحمود احمد (محلہ ملاحاں) کو صدمہ

مورخہ 23 فروری بروز منگل محمد شمعون (بلال ٹاؤن) ومحمود احمد (محلہ ملاحاں) کی والدہ محترمہ وفات پا گئیں۔ انا للہ وانا الیہ راجعون۔ مرحومہ کی نماز جنازہ مولانا محمد اصغر نے پڑھائی۔

## خلیل احمد (احسان روڈ کالا گجراں جہلم) کو صدمہ

مورخہ 22 مارچ بروز سوموار خلیل احمد کالا گوجراں کے والد حاجی سعید احمد طویل علالت کے بعد وفات پا گئے۔ انا للہ وانا الیہ راجعون۔ مرحوم جامع مسجد ابراہیمی اہل حدیث کے مستقل نمازی تھے۔ نماز جنازہ رئیس الجامعہ نے پڑھائی۔

## ڈاکٹر محمد شاہد (شاہد میڈیکل سٹور) کو صدمہ

مورخہ 29 مارچ بروز سوموار ڈاکٹر محمد شاہد لالہ زار کالونی کی اہلیہ محترمہ وفات پا گئیں۔ انا للہ وانا الیہ راجعون۔ مرحومہ کی نماز جنازہ میں جماعتی احباب نے کثیر تعداد میں شرکت کی۔ بالخصوص محلہ مستریاں سے بہت سے احباب شریک ہوئے۔ جہاں شروع میں ڈاکٹر محمد شاہد کی رہائش مسجد اہل حدیث کے پڑوس میں تھی۔ مرحومہ کی نماز جنازہ رئیس الجامعہ نے پڑھائی۔

ادارہ ''حرمین'' وجامعہ علوم اثریہ اور مرکزی جمعیت اہل حدیث جہلم مذکورہ بالا مرحومین کے غم میں برابر کے شریک ہیں۔ اللہ تعالیٰ مرحومین کی لغزشوں، کوتاہیوں اور گناہوں کو معاف فرمائے اور انہیں جنت الفردوس میں بلند مقام عطا فرمائے اور ورثاء کو صبر جمیل کی توفیق عطا فرمائے۔ (آمین)


© rasailojaraid.com